© rasailojaraid.com



کے لئے دعا کی اور یقین دہانی کی کہ وہ علوم جدیدہ اور طب وغیرہ کو دارالعلوم میں شامل نصاب کرانے کے لئے تیار ہیں۔ اور عرصہ سے یہ چیزیں خود ان کے زیر غور ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ مدارس عربیہ کو موجودہ حالات اور تقاضوں کا شدت سے احساس ہے۔ حضرت نے تقریر میں یہ بھی فرمایا کہ خوف خدا ساری حکمتوں کی جڑ ہے۔ اگر یہ چیز دلوں میں آجائے تو ملک میں بغیر فوج پولیس اور طاقت کے مکمل امن وامان ہو سکتا ہے۔ اور معاشرہ بھی درست ہو سکتا ہے۔ بعد میں گورنر سرحد نے دارالعلوم کے مختلف دفاتر اور شعبوں کا بھی معائنہ کیا۔ اور شیخ الحدیث مدظلہ سے دفتر الحق میں تازہ شمارہ پر ان کا آٹوگراف لیا۔

شادی کی اس تقریب میں جو ۱۴ ارمئی کو ہوئی، صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ مولانا مفتی محمود صاحب نے بھی کئی وزراء کے ساتھ شمولیت کی۔ بعد میں برات وزیر اعلیٰ مولانا مفتی محمود صاحب کی قیادت میں جہانگیرہ گئی، جہاں مولانا مفتی محمود صاحب نے حضرت شیخ الحدیث کے دو صاحبزادوں حافظ انوار الحق مدرس دارالعلوم اور اظہار الحق کا نکاح پڑھایا۔

گورنر صاحب اور وزیر اعلیٰ کی آمد پر دارالعلوم کے گیٹ پر مولانا سمیع الحق مدیر الحق نے ناظم جمعیۃ مولانا عبدالباقی اور جمعیۃ کے زعماء اور اساتذہ کے ساتھ ان کا خیر مقدم کیا۔ (بشکریہ ترجمان الاسلام لاہور ۹ر جون ۱۹۷۲ء)

---


شیخ التفسیر مولانا لاہوریؒ کے خلیفہ مولانا قاضی زاہد الحسینی صاحب کی نایاب اور مسلّمہ کتاب

گانا بجانا

قرآن وسنت کی روشنی میں

اب دوبارہ چھپ کر آگئی ہے۔ لکھائی چھپائی عمدہ دو رنگہ سرورق قیمت صرف ایک روپیہ پچاس پیسے۔ کتب فروشوں کیلئے خاص رعایت۔ آج ہی رقم یا ڈاک ٹکٹ بھیج کر فوری طلب کریں۔

توحیدی کتب خانہ مدرسہ تعلیم الفرقان توحید نگر چاکیواڑہ کراچی ۲


© rasailojaraid.com